# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 18 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے فہرست رائے دہندگان میں نام درج کرنے کیلئے دو دن کی مہلت۔

☆ وزیر اعظم کی سربراہی میں قومی جمہوری اتحاد کے وزرائے اعلیٰ کا اجلاس منعقد، مہاوِکاس آگھاڑی آئندہ اتوار کو نشستوں کی تقسیم کا اعلان کرے گی۔

☆ ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے کانگریس پارٹی سے رویندر چوہان کو امیدواری۔

☆ تلجا پور اسمبلی حلقہ میں 40 بوگس رائے دہندگان کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی۔

اور۔۔۔☆ بنگلورو کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دِن نیوزی لینڈ کو 134 رنز کی سبقت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

اسمبلی انتخابات کے پیش نظر فہرست رائے دہندگان میں نام درج کرنے کیلئے شہریوں کے پاس آخری دو دن کا وقت رہ گیا ہے۔ ووٹر رجسٹریشن کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے اور کل 19 اکتوبر کی رات تک آن لائن یا آف لائن طریقے سے فہرست میں ناموں کو درج کرنے کا آخری موقع ہے۔ لہٰذا سبھی اہل رائے دہندگان سے فہرست میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنانے اور جنہوں نے ابھی تک اپنا نام درج نہیں کرایا ہے ان سے کل شب تک فہرست میں اپنا نام درج کروا لینے کی اپیل چیف انتخابی افسر اور پرنسپل سکریٹری ایس چوک لنگم نے کی ہے۔

دریں اثنا، انکم ٹیکس محکمے کے ڈپٹی ڈائریکٹر انیل کھڑسے نے مراٹھواڑہ، ودربھ اور شمالی مہاراشٹر کے شہریوں سے اسمبلی انتخابات کے دوران پیسوں کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے محکمہ انکم ٹیکس کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ انھوں نے پیسوں کے غلط استعمال، رقومات کی تقسیم یا نقل وحرکت کے بارے میں معلومات ملنے پر ٹول فری نمبر 18-00-233-0355 یا 9403390980 پر واٹس ایپ پیغام بھیجنے کی اپیل ایک صحافتی بیان کے ذریعے کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل چندی گڑھ میں قومی جمہوری اتحاد (NDA) کے وزرائے اعلیٰ اور نائب وزرائے اعلیٰ کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر اعظم نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ ایک پیغام میں کہا کہ اس ملاقات میں گڈ گورننس اور شہریوں کا معیار زندگی بلند کرنے کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ بی جے پی کے قومی صدر جے. پی. نڈا، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ اس اجلاس میں موجود تھے۔ فی الحال بی جے پی کے 13 وزرائے اعلیٰ اور 16 نائب وزرائے اعلیٰ ہیں جبکہ مہاراشٹر، آندھرا پردیش، بہار، سکم، ناگالینڈ اور میگھالیہ میں بی جے پی کی اتحادی جماعتوں کے وزرائے اعلیٰ ہیں۔ اس اجلاس میں دستورِ ہند کا امرت مہوتسو منانے سے متعلق بھی گفت وشنید کی گئی۔

***** ***** *****

قانون ساز اسمبلی میں قائدِ حزب اختلاف وجے وڑیٹیوار نے کہا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی نشستوں کی تقسیم کو لیکر 216 نشستوں پر اتفاق رائے ہو چکا ہے۔ وڑیٹیوار گزشتہ روز ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کانگریس کے 84 نشستوں کے امیدواروں کی جانچ ہو چکی ہے اور ان امیدواروں یا کانگریس کے تمام امیدواروں کا اعلان آئندہ اتوار کو کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مہاوکاس اگھاڑی کی جانب سے سماج وادی پارٹی کو بھی چند نشستیں دینے کی بات کہی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے کانگریس نے رویندر چوہان کو امیدواری دی ہے۔ پارٹی صدر ملکارجن کھرگے نے کل ایک صحافتی مکتوب کے ذریعے اس کا اعلان کیا۔ رویندر چوان آنجہانی رکنِ پارلیمان وسنت راؤ چوہان کے بیٹے ہیں۔ وسنت راؤ چوہان کے انتقال کے بعد یہاں اسمبلی انتخابات کے ساتھ لوک سبھا کا ضمنی انتخاب بھی کروایا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر پریورتن مہاشکتی آگھاڑی نامی تیسرے سیاسی محاذ کا کل پونے میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ 150 اسمبلی نشستوں سے امیدوار اُتارنے پر اتفاق رائے ہونے کی اطلاع سوابھیمانی شیتکری سنگھٹنا کے رُکنِ اسمبلی راجو شیٹی نے اجلاس کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل کنڑ اسمبلی حلقہ میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انتظامیہ کی جانب سے قائم کردہ اسٹرانگ روم کا معائنہ اور انتخابی کام کاج کے حوالے سے قبل از کی گئی تمام تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انھوں نے تمام افسران اور ملازمین کو انتخابی کاموں سے متعلق مکمل آگاہی رکھنے اور انتخابی اہلکاروں کو وقتاً فوقتاً پولنگ مراکز کا معائنہ، رائے دہی مشینوں اور رائے دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینے کی ہدایات بھی جاری کیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور اسمبلی حلقہ میں 40 بوگس رائے دہندگان پائے جانے کے بعد ان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن کی جانب سے ووٹر اندراج مہم کے دوران یہ رائے دہندگان بوگس ہونے کا انکشاف ہوا۔

دریں اثنا، اس انتخابی حلقہ میں شامل سبھی گاؤوں میں آئندہ 20 اکتوبر کو عوامی مقامات پر فہرست رائے دہندگان کا مطالعہ کیا جائے گا، لہٰذا اس مطالعہ میں سبھی شہریوں سے شرکت کرنے اور فہرست میں درج شدہ ناموں کے حوالے سے اپنے اعتراضات درج کرانے کی اپیل ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے نے کی ہے۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے کے چاندوڑ۔ دیولہ اسمبلی حلقے سے بی جے پی کے رُکنِ اسمبلی ڈاکٹر راہل آہیر نے رواں اسمبلی انتخابات نہ لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ کل ایک اطلاعی کانفرنس میں اس کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اس حلقہ سے امیدواری کیلئے انہوں نے اپنے چچا زاد بھائی اور بی جے پی کے سابق ضلع صدر کیدا آہیر کیلئے پارٹی سے سفارش کی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی حلقہ جات کا جائزہ لینے والے ''آڑھاوِدھان سبھامتدارسنگھانچا'' نامی پروگرام کا کل سے آکاشوانی پر آغاز ہوگیا۔اس پروگرام کو روزانہ شام سات بجکر دس منٹ پر ہمارے یوٹیوب چینل پر بھی سنا جاسکتا ہے۔اس پروگرام کے آج کے نشریے میں نندوربار اور دھولیہ اضلاع کے انتخابی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

محکمہ ریلوے نے سفر کیلئے پیشگی ریزرویشن لینے کی معیاد میں تخفیف کردی ہے۔جس کے تحت اب سفر سے 60 دن قبل مسافرین، ریزرویشن کروا سکتے ہیں۔آئندہ یکم نومبر سے اس فیصلہ پر عمل درآمد شروع ہونے کی اطلاع ریلوے بورڈ نے ایک صحافتی مکتوب کے ذریعے دی۔فی الحال سفر سے 120 دن یعنی تقریباً چار ماہ پہلے ہی ریزرویشن کروانا ہوتا ہے۔اس فیصلے سے فی الحال ریزرویشن کروانے والے شہریوں کی ٹکٹ بکنگ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔دریں اثنا بیرون ملک کے شہریوں کیلئے ریزرویشن کی مدت پہلے کی طرح 365 دن ہی رہے گی۔

***** ***** *****

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی۔این ٹی اے کے ذریعہ ماہِ جون میں منعقدہ یو جی سی نیٹ 2024 امتحان کے نتائج کا آج اعلان کیا جائے گا۔ادارہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری کردہ ایک پیغام میں یہ جانکاری دی گئی۔

***** ***** *****

بنگلورو کرکٹ ٹیسٹ میچ میں بھارتی ٹیم کی پہلی اننگ صرف 46 رنوں پر ہی سمٹ گئی۔اپنی ہی سرزمین پر بھارتی ٹیم کا یہ اب تک کا سب سے کم اور تیسرے درجہ کا سب سے کم اسکور ہے۔وراٹ کوہلی سمیت بھارت کے پانچ بلّے باز صفر پر آؤٹ ہوگئے' جبکہ رِشبھ پنت نے 20 اور یشسوی جیسوال نے 13 رنز بنائے۔نیوزی لینڈ کے میٹ ہینری نے 15 رنز دیکر پانچ' جبکہ ولیم اورُک نے 12 رنز کے عوض چار وکٹ حاصل کیے۔کل دوسرے دِن کا کھیل ختم ہونے تک نیوزی لینڈ نے تین وِکٹ کے نقصان پر 180 رنز بنا لیے تھے'اس طرح نیوزی لینڈ کی ٹیم کو اب تک 134 رنوں کی برتری حاصل ہوچکی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کیلئے پرچۂ نامزدگی کے ادخال کے موقع پر امیدواروں کے گاڑیوں کے قافلے میں تین سے زائد گاڑیوں کے شامل ہونے' انتخابی فیصلہ افسر کے دفتر کے 100 میٹر احاطے و دفتر میں پانچ سے زیادہ افراد کو داخلہ دینے اور دفتر کے علاقے میں ریلی نکالنے' نعرے لگانے اور دیگر کسی بھی قسم کے تشہیری عمل پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔انتخابات سے متعلق دیواروں پر تشہیری پوسٹر آویزاں کرنے اور کمان بنانے' سرکاری و نیم سرکاری دفاتر کے علاقے میں مختلف طریقوں سے احتجاج کرنے' گاڑیوں پر صوتی آلودگی کے آلات کا استعمال' لائسنس والے اسلحہ جات کی حمل و نقل جیسے کاموں پر پابندی کے نوٹیفکیشن بیڑ، لاتور، پربھنی کے ضلع کلکٹرس و انتخابی فیصلہ افسران کے دفاتر سے جاری کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے امیدواروں اور ان کی سیاسی پارٹیوں کو عدالتِ عظمیٰ کی ہدایت کے مطابق اپنے خلاف درج شدہ مقدمات کی تفصیل بتانی ہوگی۔مرکزی انتخابی کمیشن نے اس سے متعلق تفصیلی احکامات اور زیرِ التوا مقدمات سے متعلق آگاہ کرنے کیلئے درج شدہ نمونے بھی جاری کیے ہیں۔امیدواروں کیخلاف زیرِ التوا' مقدمات کی معلومات کمیشن کی ویب سائٹ نو یور کینڈیڈیٹ لنک پر دستیاب ہے۔

***** ***** *****

ریاستی سطح کے اسکولی والی بال ٹورنامنٹ میں لڑکوں کے زمرے میں چھترپتی سمبھاجی نگر کی ٹیم نے جبکہ لڑکیوں کے زمرے سے ممبئی کی ٹیم نے خطاب اپنے نام کیا ہے۔دھاراشیو میں چھترپتی شیواجی اسکول میدان پر جاری انڈر-19 مقابلوں میں میزبان لاتور ڈویژن کی دونوں ہی ٹیموں کو رنرز اَپ پر اکتفا کرنا پڑا۔لڑکوں کے فائنل مقابلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کی ٹیم نے لاتور ڈویژن کی ٹیم پر تین۔صفر' جبکہ لڑکیوں کے زمرے میں ممبئی کی ٹیم نے لاتور کی ٹیم کو تین۔دو سے شکست دی۔

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے فہرست رائے دہندگان میں نام درج کرنے کیلئے دو دن کی مہلت۔

☆ وزیر اعظم کی سربراہی میں قومی جمہوری اتحاد کے وزرائے اعلیٰ کا اجلاس منعقد، مہاوِکاس آگھاڑی آئندہ اتوار کو نشستوں کی تقسیم کا اعلان کرے گی۔

☆ ناندیڑ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے کانگریس پارٹی سے رویندر چوہان کو امیدواری۔

☆ تلجاپور اسمبلی حلقہ میں 40 بوگس رائے دہندگان کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی۔

اور۔۔۔☆ بنگلورو کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دِن نیوزی لینڈ کو 134 رنز کی سبقت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****